© rasailojaraid.com

تبصرے

تحریک آزادی کی تاریخ. جلد دوم حصہ اول (انگریزی) مرتبہ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی کراچی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۳۲۲ صفحات۔ ٹائپ جلی اور خوبصورت۔ گٹ اپ اعلیٰ۔ قیمت مجلد ۔/۱۵ روپیہ۔ پتہ:۔ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی۔ ۳۰ نیو کراچی ہاؤسنگ سوسائٹی۔ کراچی۔

مذکورہ بالا سوسائٹی کی طرف سے انڈو پاک برصغیر کی تحریک آزادی کی تاریخ لکھنے کا سلسلہ کئی سال جاری ہے۔ اس سلسلہ کی پہلی جلد پر بُرہان میں تبصرہ ہوچکا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی کی دوسری جلد کا حصہ اول ہے۔ اس میں بارہ ابواب ہیں جن میں سے ہر باب مستقل مقالہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کے عنوانات حسب ذیل ہیں:۔ (۱) مغلیہ خاندان کے آخری دن" سید معین الحق (۲) افغانستان میں انگریزوں کی دلچسپی" خواجہ عبدالحئی (۳) سقوط سندھ" ڈاکٹر عبدالرحیم (۴) سکھ حکومت کا خاتمہ۔ ڈاکٹر ظفرالاسلام (۵) کشمیر کی بیع" ضیاءالاسلام (۶) اودھ میں مسلمانوں کی حکومت کا خاتمہ" محمد باقر (۷) سید احمد شہید کے جانشین محمود حسین (۸) آخری دور مغلیہ میں مسلمانوں کی تعلیم کا نظام" مفتی انتظام اللہ شہابی (۹) انگریزوں کی تعلیمی پالیسی" اے آر ملک (۱۰) جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کے اسباب" اشتیاق حسین قریشی (۱۱ و ۱۲) جنگ آزادی (از ۱۸۵۷ء تا ۱۸۵۹ء) نمبر ا و ۲ ایم این صفا" منصوبہ کے مطابق جلد دوم ۱۸۳۱ء سے ۱۹۰۵ء تک کے واقعات پر مشتمل ہوگی جیسا کہ مندرجہ بالا فہرست سے ظاہر ہوگا اس حصہ میں ۱۸۵۹ء تک کے واقعات آگئے ہیں۔ اگرچہ بعض داستانوں کو مکمل کرنے کی غرض سے اس تاریخ کے بعد تک کے واقعات بھی شامل کرلئے گئے ہیں۔

یہ مضامین اگرچہ مختلف قلم کے لکھے ہوئے ہیں لیکن واقعات کا استناد۔ اخذ و اقتباس، اُن کی ترتیب اور زبان و بیان میں ایسی یکسانیت ہے کہ پوری کتاب ایک قلم کی کاوش کا نتیجہ معلوم ہوتی ہے۔ تحریک آزادی کی تاریخ پر اب تک سرکاری اور غیر سرکاری طور پر انگریزی اور اردو میں متعدد کتابیں لکھی جاچکی ہیں جن میں

© rasailojaraid.com